# سوالات کنزالدقائق

**سوال**1:۔زکوٰۃ کی تعریف کنزالدقائق کی روشنی میں لکھیں؟

**جواب**:۔زکوٰۃ شریعت میں اللہ تعالیٰ کے لیے مال کے ایک حصہ کا جو شرع نے مقرر کیا ہے مسلمان فقیر کو مالک کر دینا ہے اور وہ فقیر نہ ہاشمی ہو، نہ ہاشمی کا آزاد کردہ غلام اور اپنا نفع اُس سے بالکل جدا کرلے۔

**سوال**2:۔زکوٰۃ کا حکم کیا ہے؟

**جواب**:۔زکوٰۃ فرض ہے، اُس کا منکر کافر اور نہ دینے والا فاسق اور قتل کا مستحق اور ادا میں تاخیر کرنے والا گنہگار و مردود الشہادۃ ہے۔

**سوال**3:۔زکوٰۃ کس پر واجب ہوتی ہے؟

**جواب**:۔زکوٰۃ کے واجب ہونے کی شرائط:۔عاقل، بالغ، آزاد، مسلمان اور ایسے نصاب کا مالک ہونا جو دَین اور حاجت اصلیہ سے فارغ ہو، نیز اس پر ایک سال گزر گیا۔

**سوال**4:۔سونے اور چاندی میں زکوٰۃ کا نصاب کیا ہے؟

**جواب**:۔سونے میں 20 دینار پر زکوٰۃ، اور چاندی میں 200 سو درہم پر چالیسواں حصہ ہے۔

**سوال**5:۔زکوٰۃ کی ادائیگی کی شرط کیا ہے؟

**جواب**:۔زکوٰۃ کو ادا کرتے وقت یا زکوٰۃ کا مال جُدا کرتے وقت نیت کا ملا ہونا شرط ہے۔

**سوال**6:۔حاجت اصلیہ سے کیا مراد ہے؟

**جواب**:۔حاجت اصلیہ یعنی جس کی طرف زندگی بسر کرنے میں آدمی کو ضرورت ہے جیسے رہنے کا مکان، پہننے کے کپڑے، استعمال کے گاڑی وغیرہ۔

**سوال**7:۔سائمہ کسے کہتے ہیں؟

**جواب**:۔سائمہ وہ جانور ہے جو سال کے اکثر حصہ میں چر کر گذر کرتا ہو اور اس سے مقصود صرف دودھ اور بچے لینا یا فربہ کرنا ہے۔

**سوال**8:۔بنت مخاض کسے کہتے ہیں؟

**جواب**:۔اونٹنی کا ایسا بچہ جو ایک سال کی عمر مکمل کر کے دوسرے سال میں شروع ہو گیا ہو۔

**سوال**9:۔بنت لبون کسے کہتے ہیں؟

**جواب**:۔اونٹنی کا ایسا بچہ جو دو سال کی عمر مکمل کر کے تیسرے سال میں شروع ہو گیا ہو۔

**سوال**10:۔حِقّہ کسے کہتے ہیں؟

**جواب**:۔اونٹنی کا ایسا بچہ جو تین سال کی عمر مکمل کر کے چوتھے سال میں شروع ہو گیا ہو۔

**سوال**11:۔جذعہ کسے کہتے ہیں؟

**جواب**:۔اونٹنی کا ایسا بچہ جو چار سال کی عمر مکمل کر کے پانچویں سال میں شروع ہو گیا ہو۔

**سوال**12:۔پچیس اونٹ ہوں تو کتنی زکوٰۃ واجب ہو گی؟

**جواب**:۔پچیس اونٹ ہوں تو ایک بنت مخاض واجب ہو گی۔

**سوال**13:۔ایک سو پچاس اونٹ ہوں تو کتنے زکوٰۃ بنے گی۔

**جواب**:۔ایک سو پچاس اونٹ ہوں تو تین حقے واجب ہوں گے۔

**سوال**14:۔والبخت کالعراب کا معنیٰ و مفہوم واضح کریں؟

**جواب**:۔اور بختی عربی اونٹ کی طرح ہے۔اس کا مطلب یہ ہے کہ جو عربی النسل اونٹوں کی زکوٰۃ بیان کی گئی ہے اسی اعتبار سے بختی اونٹوں کی زکوٰۃ بھی واجب ہو گی ۔جو اونٹ عربی و عجمی کے مخلوط نطفہ سے پیدا ہوا سے بختی اونٹ کہتے ہیں۔اور لفظ ابل دونوں کو شامل ہے۔

03138225261

**سوال15**:۔تبیع اورتبیعۃ کسے کہتے ہیں؟

**جواب**:۔ایک سال کا بچھڑایاایک سال کی بچھڑی۔

**سوال16**:۔مُسنّ یا مُسنۃ کسے کہتے ہیں؟

**جواب**:۔دوسال کا بچھڑایادوسال کی بچھیا۔

**سوال17**:۔تیس30 سے کم گائیوں میں یا تیس گائیوں کی زکوٰۃ کیاہو گی؟

**جواب**:۔ تیس سے کم، گائیوں میں کچھ لازم نہیں ہے اور تیس گائیوں پر ایک سال کا بچھڑایابچھیاواجب ہو گی۔

**سوال18**:۔ بکریوں میں زکوٰۃ کانصاب کیاہے؟ نیزایک سوبیس120 بکریوں پر کتنی زکوٰۃ بنے گی۔؟

**جواب**:چالیس بکریوں پر ایک بکری واجب ہو گی اس سے کم میں زکوٰۃ واجب نہیں ہوتی،اور120 بکریوں پر دو بکریاں واجب ہو جائیں گی۔

**سوال19**:۔والمعز کالضأن سے کیامراد ہے؟

**جواب**:۔اس کا مطلب یہ ہے کہ بھیڑ اور بکری کا حکم، مقدارِ نصاب اوروجوبِ زکوٰۃ میں برابر ہے۔ نیز بھڑ اور بکری دونوں مل کر40 کی تعداد میں پہنچ جائیں تو بھی زکوٰۃ کانصاب پوراہو جائے گا۔اور زکوٰۃ واجب ہو گی۔ نیز الضان، بھیڑ اور دنبہ دونوں پر بولا جاتا ہے اور معز بکری کو کہتے ہیں۔

**سوال20**:۔ ویؤخذ الثنی فی زکاتھا لا الجذاع۔سے کیامراد ہے؟

**جواب**:۔اس کا مطلب یہ ہے کہ بھیڑ اور بکری کی زکوٰۃ میں ثنی لیاجائے گا۔ ثنی سے مرادوہ بکری جس کا ایک سال مکمل ہو گیااور دوسرا شروع ہوا۔اور جذاع نہیں لیاجائے گا، جذاع سے مرادوہ ہے جس پر سال کا اکثر حصہ گزر گیا۔

**سوال21**:۔حملان،فصلان،عجاجیل۔کسے کہتے ہیں؟

**جواب**:۔ حملان، بکری کے چھوٹے بچے کو کہتے ہیں،فصلان،اونٹ کے بچے کو کہتے ہیں،عجاجیل۔ گائے کے بچے کو کہتے ہیں۔ طرفین کے نزدیک ان بچوں پر زکوٰۃ واجب نہیں کیونکہ یہ ایک سال سے کم عمر کے ہیں۔

**سوال22**:۔ العوامل ،العلوفۃ۔کسے کہتے ہیں نیزان پر زکوٰۃ واجب ہو گی یانہیں؟

**جواب**:۔ العوامل ،ایسے جانور جن سے کام لیاجاتاہے اورالعلوفۃ۔وہ جانور جن کومالک نے سال سے زائد عرصہ گھر پر رکھ کر کھلایاہو(یعنی سائمہ نہ ہو)۔

**سوال23**:۔والجاموس کالبقر اسکی وضاحت کریں؟

**جواب**:۔یعنی بھینس اور گائے کا حکم زکوٰۃ میں برابر ہے۔ کیونکہ بقر کالفظ گائے اور بھینس دونوں کو شامل ہے۔

**سوال24**:۔زکوٰۃ کو پیشگی اداکرنے کے بارے میں حکم شرعی کیاہے؟

**جواب**:۔اگر کوئی صاحب نصاب شخص زکوٰۃ پیشگی اداکر دے تو یہ احناف کے نزدیک درست ہے اورامام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک جائز نہیں، کیونکہ مال پر سال گذرناشرط ہے۔

**سوال25**:۔وَغَالِبُ الْوَرَقِ وَرِقٌ لَا عَكْسُهُ۔اس عبارت کی وضاحت کریں؟

**جواب**:۔اس کی وضاحت یہ ہے کہ ڈھلے ہوئے سکے میں اگر چاندی غالب اور کھوٹ مغلوب ہے تووہ سکہ چاندی کے حکم میں ہے اوراس میں چاندی کی زکوٰۃ واجب ہو گی۔اوراگر چاندی مغلوب ہوتو پھر چاندی کی زکوٰۃ نہ ہو گی بلکہ یہ سامان کے حکم میں ہے۔

**سوال26**:۔وَالذَّهبُ اِلی الفِضَّةِ قِيْمَة ۔اس عبارت کی وضاحت کریں؟

**جواب**:۔اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر کسی شخص کے پاس نہ سانے کانصاب مکمل ہے اور نہ ہی چاندی کانصاب۔اوردونوں کوملاکر ایک نصاب ہو جاتاہو تواس صورت میں ہمارے نزدیک دونوں کوملاکر زکوٰۃ واجب کی جائے گی۔اورامام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک قیمت کے اعتبار سے ملاجائے گا۔

03138225261

**سوال** 27:۔عاشر کسے کہتے ہیں؟

**جواب**:۔عاشر وہ شخص ہے جس کو امام نے تجار سے زکوٰۃ وصول کرنے کیلئے مقرر کیا ہو۔

**سوال** 28:۔اگر کسی تاجر نے عاشر سے کہا کہ ابھی سال نہیں گذرا، یا میں مقروض ہوں تو کیا حکم شرعی ہے؟

**جواب**:۔اس صورت میں تاجر سے قسم لی جائے گی اور اگر اس نے قسم کھالی تو اسکی تصدیق کی جائے گی۔

**سوال** 29:۔وَفیما صُدّق المسلمُ صُدّق الذمی۔مذکورہ عبارت کا ترجمہ کر کے اسکی وضاحت کریں؟

**جواب**:۔ترجمہ:۔اور جس میں مسلمان کی تصدیق کی جائے گی، اس میں ذمی کافر کی بھی تصدیق کی جائے گی۔یعنی جن صورتوں میں مسلمان کے قول کی تصدیق کی جاتی ہے ان میں ذمی کافر کے قول کی بھی تصدیق کی جائے گی، کیونکہ ذمی کافر دارالسلام میں معاملات کے بارے میں مسلمانوں کی طرح ہے۔

**سوال** 30:۔لَا الحربی اِلّافِی اُمِّ ولدہ۔مذکورہ عبارت کا ترجمہ کر کے اسکی وضاحت کریں؟

**جواب**:۔ترجمہ:۔نہ کہ حربی کافر کی مگر اسکی ام ولد کے بارے میں۔یعنی کسی بھی صورت میں حربی کافر کے قول کی تصدیق نہ کی جائے گی سوائے اس صورت کے کہ حربی کافر کے پاس باندی ہو، اور وہ کہے کہ یہ میری ام ولد ہے تو اس صورت میں کی تصدیق کی جائے گی۔

**سوال** 31:۔مسلمان، ذمی اور حربی سے کتنا عشر وصول کیا جائے گا؟

**جواب**:۔عاشر مسلمانوں سے عشر کا چالیسواں حصہ لے گا، ذمی کافر سے اس کا دُگنا یعنی بیسواں حصہ لے گا اور حربی سے دسواں حصہ وصول کیا جائے گا۔

**سوال** 32:۔معدن، کنز اور رکاز کسے کہتے ہیں؟

**جواب**:۔معدن وہ مال ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے زمین کی پیدائش کے وقت اس میں پیدا کر دیا۔اور کنز وہ مال ہے جس کو انسانوں نے زمین میں چھپا کر رکھا ہو۔پھر رکاز ان دونوں (معدن اور کنز) کیلئے بولا جاتا ہے۔

03138225261

**سوال** 33:۔خمس معدن نقدٍ ونحو حدید فی ارض خراج او عشر۔مذکورہ عبارت کا ترجمہ کر کے اسکی وضاحت کریں؟

**جواب**:۔ترجمہ:۔پانچواں حصہ لیا جائے گا نقد (سونا، چاندی) اور لوہے جیسی چیز کی کان میں، خراجی یا عشری زمین میں۔یعنی اگر کسی شخص کو معدن (سونے، چاندی) یا لوہے کا کان ملے، خواہ وہ زمین خراجی ہو یا عشری۔تو اس میں سے خمس (پانچواں حصہ) لیا جائے گا۔

**سوال** 34:۔وَباقیہ للمختطّ لہ۔مذکورہ عبارت کا ترجمہ کر کے اسکی وضاحت کریں؟

**جواب**:۔ترجمہ:۔اور باقی مختط لہ کیلئے ہے۔یعنی پانچواں حصہ ادا کرنے کے بعد باقی مختط کیلئے ہے مختط اس شخص کو کہتے ہیں جس کو یہ زمین بادشاہ نے ملک فتح کرنے کے وقت دی، اور اس پر خط کھینچ کر طول وعرض کو متعین کر دیا۔اور مفتٰی بہ قول کے مطابق باقی پانے والے کیلئے ہے۔

**سوال** 35:۔زمین سے نکلنے والی کن چیزوں پر خمس واجب نہیں ہوتا ہے؟

**جواب**:۔فیروزہ ویاقوت وزمرد ودیگر جواہر اور سرمہ، پھٹکری، چونا، موتی میں اور نمک وغیرہ بہنے والی چیزوں میں خمس نہیں۔

**سوال** 36:۔زمین کی کتنی قسمیں ہیں؟

**جواب**:۔زمین کی تین قسمیں ہیں۔(۱) عشری (۲) خراجی (۳) نہ عشری، نہ خراجی۔

**سوال** 37:۔وَمُسقِی سماءٍ وسیحٍ بلا شرط نصاب وبقاءٍ۔مذکورہ عبارت کا ترجمہ کر کے اسکی وضاحت کریں؟

**جواب**:۔ترجمہ:۔آسمانی بارش سے سیراب، اور نہری پانی سے سیراب کردہ زمین میں بغیر کسی شرطِ نصاب، اور بلا شرطِ بقاء۔یعنی امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک زمین کی پیداوار میں عشر واجب ہے۔نصاب اور بقاء کی شرط بھی نہیں، خواہ پیداوار کم ہو یا زیادہ۔خواہ زمین کو بارش نے سیراب کیا ہو یا نہری پانی کے ذریعے۔

**سوال** 38:۔نصفہ فی مسقی غرب اَوْ دالیۃ۔مذکورہ عبارت کا ترجمہ کر کے اسکی وضاحت کریں؟

**جواب**:۔اور نصف عشر واجب ہے ڈول اور رہٹ سے سیراب کردہ میں۔یعنی زمین اگر بڑے ڈول یا رہٹ کے ذریعے سیراب کیا گیا ہو تو بالاتفاق آئمہ ثلاثہ اس میں نصف عشر (بیسواں حصہ) واجب ہو گا۔

**سوال**39:۔لَا تُرْفَعُ الْمؤون۔ مذکورہ عبارت کا ترجمہ کر کے اسکی وضاحت کریں؟

**جواب**:۔ اور رفع نہ کیا جائے خرچہ۔ یعنی کل پیداوار کا عشر ادا کرنا ضروری ہے۔ مزدوروں، بیلوں کا خرچہ منہا نہیں کیا جائے گا۔

**سوال**40:۔وَاِنْ جعَل مُسلم دارَہٗ بستاناً فمؤنتُہٗ تَدُوْرُ مَع مَائِہٖ بِخلاف الذمی۔ مذکورہ عبارت کا ترجمہ کر کے اسکی وضاحت کریں؟

**جواب**:۔ ترجمہ:۔ اگر کسی مسلم نے اپنے گھر کو باغ بنالیا تو اس کا عشر واجب مقدار کا مدار پانی پر ہے بخلاف ذمی کافر کے۔ **وضاحت**:۔ یعنی اگر کسی مسلم نے اپنے گھر کو باغ بنالیا تو اس کا عشر پانی کے لحاظ سے بدلتا رہے گا، اگر باغ میں عشری پانی آتا ہے تو عشر واجب ہو گا اور خراجی پانی آتا ہے تو خراج واجب ہو گا۔

**سوال**41:۔وَدَارُہٗ حُرٌّ کَعَیْنِ قِیْرٍ ونَفْطٍ فی ارضِ عشرٍ۔ مذکورہ عبارت کا ترجمہ کر کے اسکی وضاحت کریں؟

**جواب**:۔ اور ذمی کا گھر آزاد ہے جیسے قار اور نفط کا چشمہ، عشری زمین میں۔ یعنی ذمی نے اپنے گھر کو باغ بنایا تو اس سے عشر نہ لیا جائے گا کیونکہ گھر آزاد ہے اس میں کچھ واجب نہیں۔ **قیر** سے مراد:۔ رال، بدبو والا تیل، سیاہ رنگ کی ایک چیز جو کشتی پر ملتے ہیں تاکہ پانی اندر نہ آئے۔ **نفط**:۔ ایک قسم کا تیل ہے جو پانی پر چھایا ہوتا ہے۔ اگر یہ عشری زمین میں ہوں تو ان پر عشر واجب نہیں ہوتا۔ کیونکہ یہ زمین کی پیداوار میں سے نہیں۔

**سوال**42:۔ زکوٰۃ کے مصارف کتنے اور کونسے ہیں؟

**جواب**:۔ اللہ تعالیٰ نے زکوٰۃ کے آٹھ مصارف ذکر کئے ہیں۔(۱) فقیر (۲) مسکین (۳) عامل (۴) مکاتب (۵) مقروض (۶) غازیوں سے منقطع ہونے والا (۷) مسافر۔

**سوال**43:۔فیدفع الی کلھم اَوْ اِلٰی صِنْفٍ۔ مذکورہ عبارت کا ترجمہ کر کے اسکی وضاحت کریں؟

**جواب**:۔ پس ادا کر دے ان سب کو یا ان میں سے ایک قسم کو۔ یعنی زکوٰۃ کی ادائیگی کیلئے ان سب مصارف کو ادا کر دے یا ان میں سے کسی ایک کو کل زکوٰۃ ادا کر دے۔

**سوال**44:۔لَا اِلی ذمی وصَحَّ غَیْرُھَا۔ مذکورہ عبارت کا ترجمہ کر کے اسکی وضاحت کریں؟

**جواب**:۔ ذمی کو زکوٰۃ نہ دے اور زکوٰۃ کے علاوہ صدقات دینا صحیح ہے۔ یعنی ذمی کافر کو زکوٰۃ نہیں دے سکتے ہیں۔ اور زکوٰۃ کے علاوہ صدقات نافلہ دینا درست ہے۔

**سوال**45:۔ مسجد کی تعمیر، میت کے کفن و دفن، اور میت کی طرف سے قرض ادا کرنے کیلئے زکوٰۃ دے سکتے ہیں؟

**جواب**:۔ زکوٰۃ کی ادائیگی کے لیے تملیک (یعنی مالک بنانا) شرط ہے۔ اور مسجد کی تعمیر، میت کے کفن و دفن کا خرچہ، میت کے قرضہ کی ادائیگی میں تملیک نہیں پائی جاتی اس لئے ان صورتوں میں زکوٰۃ ادا نہیں ہو گی۔

**سوال**46:۔ کیا شوہر اور بیوی، ایک دوسرے کو زکوٰۃ دے سکتے ہیں؟

**جواب**:۔ جی نہیں دے سکتے۔

**سوال**47:۔ اپنی اصل اور فرع کو زکوٰۃ کیوں نہیں دے سکتے؟

**جواب**:۔ زکوٰۃ دینے والا اپنی اصل (باپ، دادا، اوپر تک) اور اپنی فرع (اولاد) کو نہیں دے سکتا ہے کیونکہ املاک کے منافع ان کے درمیان متصل و مشترک ہے، اور تملیک کامل طور پر متحقق نہیں ہوتی، اس لئے اپنی اصل اور فرع کو زکوٰۃ نہیں دے سکتے۔

**سوال**48:۔ولو دفع بتحرٍّ ،فَبَانَ انہ غنی اوہاشمی اوکافر اَوْ ابوہ اَوْ ابنہ صحَ۔ مذکورہ عبارت کا ترجمہ کر کے اسکی وضاحت کریں؟

**جواب**:۔ اور اگر کسی نے غور کر کے زکوٰۃ ادا کی، پھر ظاہر ہوا کہ وہ غنی، یا ہاشمی، یا کافر، یا اسکا والد، یا اس کا بیٹا ہے تو صحیح ہے۔ یعنی اگر غور و فکر کر کے زکوٰۃ ادا کی، اور بعد میں معلوم ہوا کہ وہ زکوٰۃ کا مستحق نہیں تھا تو زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔

**سوال**49:۔وَکُرِہَ الاغناء ونُدِبَ عن السؤال۔ مذکورہ عبارت کا ترجمہ کر کے اسکی وضاحت کریں؟

**جواب**:۔ فقیر کو غنی بنا دینا مکروہ ہے اور سوال سے مستغنی کرنا مستحب ہے۔

**سوال**50:۔وَکُرِہَ نقلھا الی بلدٍ آخر لغیر قریب او احوج۔ مذکورہ عبارت کا ترجمہ کر کے اسکی وضاحت کریں؟

**جواب**:۔ اور زکوٰۃ کو دوسرے شہر کی طرف غیر قریب، یا غیر محتاج کیلئے نقل کرنا مکروہ ہے۔ یعنی بلا حاجت شرعی زکوٰۃ کو دوسرے شہر منتقل کرنا مکروہ ہے بلکہ جس جگہ سے زکوٰۃ لی گئی اسی شہر میں فقراء پر تقسیم کرنی چاہئے۔

03138225261

**سوال51:**۔وَلَا یسأل مَن له قوت یوم۔ مذکورہ عبارت کا ترجمہ کرکے اسکی وضاحت کریں؟

**جواب:**۔اور اس شخص کیلئے سوال کرنا جائز نہیں جسے ایک دن کی غذا میسر ہو۔یعنی شخص ایک دن کی غذا کا مالک ہو اس کے لیے سوال کرنا جائز نہیں۔اگر غذا کے علاوہ اسکو کسی اور شئی کی ضرورت ہو تو اسکے لئے سوال کرنا جائز ہو گا۔

## باب صدقۃ الفطر

**سوال52:**۔صدقہ فطر کے واجب ہونے کی شرائط لکھیں؟

**جواب:**۔صدقہ فطر کے واجب ہونے کی شرائط درج ذیل ہیں:۔(۱) آزاد ہونا(۲) مسلمان ہونا(۳) مقدارِ نصاب کا مالک ہونا(۴) اسکا نصاب، گھر، کپڑے، سواری، ہتھیار، خدمت کے غلام وغیرہ سے فاضل ہو۔

**سوال53:**۔نابالغ فقیر اولاد اور ام ولد کا صدقہ فطر کس پر واجب ہے؟

**جواب:**۔نابالغ فقیر اولاد کا صدقہ فطر باپ پر واجب ہے اور ام ولد کا اسکے آقا پر واجب ہے۔

**سوال54:**۔بیوی اور بالغ اولاد کا صدقہ فطر کس پر واجب ہے؟

**جواب:**۔شوہر پر اسکی بیوی اور باپ پر اسکے بالغ بچوں کا صدقہ فطر لازم نہیں ہے۔وہ اپنا صدقہ فطر خود ادا کریں گے۔

**سوال55:**۔صدقہ فطر کی مقدار شرعی کیا ہے؟

**جواب:**۔نصف صاع گندم، یا اسکا آٹا، یا کشمش۔یا پھر ایک صاع کھجور یا جو۔

**سوال56:**۔ایک صاع کتنے رطل کا ہوتا ہے؟

**جواب:**۔طرفین کے نزدیک ایک صاع، عراقی آٹھ رطل کا ہوتا۔

**سوال57:**۔صدقہ فطر کے واجب ہونے کا وقت کیا ہے؟

**جواب:**۔عید الفطر کے دن صبح کے وقت۔

**سوال58:**۔مَنْ مَاتَ قبله اَوْ اَسْلَمَ اَوْ ولد بعده لَا تجبُ۔ترجمہ کرکے وضاحت کریں؟

**جواب:**۔جو شخص عید الفطر کی صبح صادق سے پہلے مر گیا، یا اسکے بعد اسلام قبول کرے یا اسکے بعد پیدا ہو تو اس پر صدقہ فطر واجب نہیں ہے۔

**سوال59:**۔صدقہ فطر کی ادائیگی کو مؤخر کرنا یا پیشگی ادا کرنے کا حکم کیا ہے؟

**جواب:**۔صدقہ فطر کو پیشگی یا مؤخر ادا کرنا شرعا درست ہے۔

## کتاب الحج

**سوال60:**۔حج کی اصطلاحی تعریف کنز الدقائق کی روشنی میں لکھیں؟

**جواب:**۔هوزيارة مكانٍ مخصوصٍ فِي زمانٍ مخصوصٍ بِفِعْلٍ مَخْصُوصٍ۔حج وہ مخصوص جگہوں کی، مخصوص وقت میں، مخصوص فعل کیساتھ زیارت کرنا ہے۔

**سوال61:**۔حج زندگی میں کتنی مرتبہ فرض ہوتا ہے؟

**جواب:**۔حج زندگی میں صرف ایک مرتبہ فرض ہوتا ہے۔

**سوال62:**۔حج کے فرض ہونے کی شرائط کونسی ہیں؟

**جواب:**۔عاقل، مسلمان، بالغ، تندرست، آزاد اور زادِ راہ پر قدرت ہو۔تو حج فرض ہو گا۔

**سوال63:**۔زادِ راہ سے کیا مراد ہے؟

**جواب:**۔اس سے مراد یہ ہے کہ سواری اور راستے میں کھانے پینے اور آنے جانے کے دیگر اخراجات پر قادر ہو۔جو رہائشی گھر اور دیگر ضروریات سے زائد ہو۔

03138225261

**سوال64**:۔وَ مَحْرَمٍ اَوْ زَوْجٍ لِامرأۃٍ فِی سَفرٍ۔ترجمہ کرکے وضاحت کریں؟

**جواب**:۔اور عورت کیلئے محرم یاشوہر سفر میں ہو۔یعنی عورت پر حج فرض ہونے کیلئے ایک شرط مزید یہ ہے کہ وہ سفر میں بغیر محرم یاشوہر کے نہیں جاسکتی۔

**سوال65**:۔فَلَوْ اَحْرَمَ صَبی اَوْ عَبْدٌ فَبَلَغَ اَوْ أُعْتِقَ فَمَضٰی لَمْ یُجِزْ عَنْ فَرْضِہٖ۔ترجمہ کرکے وضاحت کریں؟

**جواب**:۔پس اگر بچے یاغلام نے حج کا احرام باندھ لیاپھر بچہ بالغ ہو گیایاغلام آزاد کر دیا گیاتو انہوں نے حج کے احکام ادا کئے تو یہ فرض حج ادا نہ ہو گا۔یعنی بچہ نے نابالغ ہونے کی حالت میں یاغلام نے آزادی سے پہلے حج کا احرام باندھ لیاتو اس احرام سے فرض حج کی ادائیگی ذمہ سے ساقط نہ ہو گی۔

**سوال66**:۔مواقیت الاحرام کسے کہتے ہیں اور کونسے ہیں؟

**جواب**:۔مواقیت میقات کی جمع ہے اس سے مرادوہ جگہیں ہے جہاں سے آفاقی کیلئے بغیر احرام کے مکہ مکرمہ میں داخل ہونا جائز نہیں،اور یہ پانچ ہیں(۱)**ذوالحلیفۃ** (۲)ذاتِ عرق(۳)**یلملم** (۴)قرن منازل(۵)**جُحفہ**۔

**سوال67**:۔وَصَحَّ تَقْدِیْمُہٗ علَیْھا ,لَا عَکْسُہٗ۔ترجمہ کرکے وضاحت کریں؟

**جواب**:۔اوران مواقیت پر احرام کو مقدم کرنا صحیح ہے نہ اس کا عکس۔یعنی اگر کوئی شخص ان مواقیت کے آنے سے پہلے احرام باندھ لے تو یہ اسکے لئے جائز ہے۔لیکن مواقیت گذرنے کے بعد احرام باندھنا درست نہیں۔

**سوال68**:۔وَلِلْمکی الحرمُ للحج والحلُّ للعمرۃ۔ترجمہ کرکے وضاحت کریں؟

**جواب**:۔اوراہل مکہ والوں کیلئے میقات حج کیلئے حرم ہے۔اور عمرہ کیلئے میقات حِل ہے۔

**سوال69**:۔احرام باندھنے کا مسنون طریقہ کنزالدقائق کی روشنی میں لکھیں؟

**جواب**:۔جو احرام باندھنے کاارادہ کرے تو وہ پہلے وضو کرے اور غسل زیادہ پسندیدہ ہے۔پھر دو نئے کپڑے یا دھلے ہوئے بغیر سلے ہوئے پہنے،پھر خوشبو لگائے،اور دو رکعت نفل پڑھے۔اسکے بعد حج یا عمرہ کی نیت کرکے تین مرتبہ تلبیہ پڑھے۔

**سوال70**:۔احرام کی پابندیاں اور ممنوع کام کونسے ہیں؟

**جواب**:۔محرم ہونے کے بعد بُری باتوں،لڑائی جھگڑے،شکار قتل کرنے یااسکی طرف اشارہ کرنے،سلے ہوئے کپڑے پہننے،خوشبولگانے،بند جوتے یاموزے پہننے، ٹوپی،عمامہ پہننے،سراور چہرہ کوڈھانپنے،ایسے کپڑے پہننے سے جو ورس،یازعفران یاعصفر سے رنگے ہوں،سرمنڈانے،بال،ناخن کاٹنے سے بچناضروری ہے۔

**سوال71**:۔کیااحرام کی حالت میں غسل کرسکتے ہیں؟

**جواب**:۔جی ہاں کرسکتے ہیں۔لیکن اس میں میل چھڑانا نہیں ہے۔

**سوال72**:۔طواف کی ابتداء کس مقام سے کرنا سنت ہے۔؟

**جواب**:۔طواف کی ابتداء حجر اسود سے کرنا سنت ہے۔

**سوال73**:۔طواف قدوم کس کے لئے سنت ہے؟

**جواب**:۔غیر مکی کیلئے طواف قدوم سنت ہے یعنی جو مکہ مکرمہ کے باہر سے آنے والا ہے۔اہل مکہ کیلئے پر طواف قدوم لازم نہیں ہے۔

**سوال74**:۔رمل کسے کہتے ہیں اور یہ کب ہوتا ہے؟

**جواب**:۔کندھوں کو ہلاتے ہوئے ذرا تیز چلنے کو رمل کہتے ہیں اور یہ طواف کے پہلے تین چکروں میں کیا جاتا ہے۔

03138225261